کے-الیکٹرک نارتھ کراچی گرڈ کی مینٹیننس ہفتہ کو کرے گا

کراچی: بروز ہفتہ، 18 مارچ 2023 کو نارتھ کرچی گرڈ پر کے۔ الیکٹرک کی جانب سے ضروری مینٹیننس کی جائے گی، جس کے باعث نارتھ کراچی گرڈ سے منسلک علاقوں میں صبح 9:00 سے شام 6:00 بجےتک عارضی طور پر بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔

تمام صارفین جو 8119 پر رجسٹرڈ ہیں، ان کو اس مینٹیننس شٹ ڈاؤن کی پیشگی اطلاع بذریعہ ایس ایم دی جا چکی ہے۔

مزید معلومات کے لیے صارفین 118 یا کے۔ الیکٹرک کے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

نارتھ کراچی گرڈ سے منسلک جن علاقوں میں بجلی کی فراہمی معطل کی جاسکتی ہے اُن میں نارتھ کراچی سیکٹر12 سی، 8، 9، 11 بی، 11 سی-2، 11سی-3، 7 ڈی/1، 7 ڈی/2، 11 ایف، 11 ڈی، 5 ڈی، 5 ایم، 11 بی، 11آئی، 9، 10، 11 ایف، 11 ڈی، 11 جے، 21/122، 11 ڈی، 5 کے، 5سی-4، 11 اے، 11/سی-1، 11/سی-2، 11بی، 4، 5 ای، 12 سی، 5 ایل، 5بی-3، 11آئی، 11 ایل، 11 کے، 6 اے، 12 اے، 6 بی، 11ای، 15بی، 12 سی، 12 ڈی، 14 اے، 14 بی، 11 ایفف، 5سی/1 اور 2، 11ایچ، 11 ای، 11جی، 5 اے-3، 3، 2، 12اے، 12 سی، 7 اے، 7 سی، 16 اے، گلشن وسیم مسجد محمدی، نارتھ ناظم آباد بلاکاین، جے، ایل، باتھ ٹاؤن، عثمانیہ مسجد، مدرسہ، گلیمر آرکیڈ، اور بلال کالونی شامل ہیں۔

کے۔ الیکٹرک کا تعارف

کے۔ الیکٹرک ایک پبلک لسٹڈ کمپنی ہے، جس کا قیام پاکستان بننے سے قبل 1913 میں کے ای ایس سی کے طور پر عمل میں آیا۔ 2005 میں کمپنی کی نجکاری کی گئی۔ کے۔ الیکٹرک پاکستان کی واحد عمودی طور پر مربوط یوٹیلیٹی ہے، جو کراچی اور اس کے ملحقہ علاقوں سمیت 6500 مربع کلومیٹر علاقے کو بجلی فراہم کرتی ہے۔ کمپنی کے 66.4 فیصد حصص پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) میں لسٹڈ ہیں اور کے ای ایس پاور کی ملکیت ہیں۔ یہ سرمایہ کاروں کا ایک کنسورشیم ہے، جس میں سعودی عرب کی الجومعہ پاور لمیٹڈ، کویت کا نیشنل انڈسٹریز گروپ (ہولڈنگ) اور انفرا اسٹرکچر اینڈ گروتھ کیپٹل فنڈ (آئی جی سی ایف) شامل ہیں۔ کے۔ الیکٹرک میں حکومت پاکستان کے بھی 24.36 فیصد حصص ہیں۔